## قربانی کی کھالیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کو دینے پر ملک بھر کے عوام سے الطاف حسین کا اظہار تشکر

## تحریکی ساتھی اپنی قوت ارادی جمع کرلیں تاکہ کل انتخابی مہم کا بھرپور توانائی سے آغاز کرسکیں

## عیدالاضحیٰ کے تیسرے روز کراچی میں مرکزی کیمپ میں ذمہ داران وکارکنان سے گفتگو

لندن۔۔۔23دسمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ریکارڈ تعداد میں قربانی کے جانوروں کی کھالیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کو دینے پر ملک بھر کے عوام سے دلی تشکر کا اظہار کیا ہے۔عیدالاضحیٰ کے تیسرے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی کیمپ میں رابطہ کمیٹی، خدمت خلق فاؤنڈیشن کے اراکین اور ایم کیوایم کے تمام شعبہ جات کے ارکان سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے عیدالاضحیٰ کے تینوں ایام خیریت سے گزر گئے اور سندھ، پنجاب، سرحد، بلوچستان اور آزاد کشمیر سمیت ملک بھر کے عوام نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں کا اعتراف کرتے ہوئے ہر سال کی طرح اس سال بھی ریکارڈ تعداد میں قربانی کے جانوروں کی کھالیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کو دی ہیں جس پر میں ملک بھر کے عوام سے دلی تشکر کا اظہار کرتا ہوں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ جہاں تنظیم، اتحاد اور یقین ہوگا وہاں کامیابی ہوگی اور ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان نے عیدالاضحیٰ کے تینوں ایام میں جس طرح رات دن محنت ولگن اور فرض شناسی سے قربانی کے جانوروں کی کھالیں جمع کیں اور قربانی کی کھالیں جمع کرنے کے سابقہ ریکارڈ توڑ دیئے اس پر ایک ایک ساتھی زبردست خراج تحسین کا مستحق ہے۔جناب الطاف حسین نے قربانی کی کھالیں جمع کرنے پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، کراچی تنظیمی کمیٹی، کراچی مضافاتی کمیٹی لیبر ڈویژن، پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی، شعبہ خواتین، ایلڈرز ونگ، میڈیکل ولیگل ایڈ کمیٹی، اقلیتی امور کمیٹی، ویجیلنس کمیٹی، میڈیا کمیٹی، نیوز روم، فوٹو سیکشن، وڈیو روم، بورڈ کمیٹی، استقبالیہ کمیٹی، اسپیچ کمیٹی، اے پی ایم ایس او، متحدہ کلچرل فورم، کلفٹن ریزیڈنٹ کمیٹی، سندھ انٹیلکچویل فورم، ریسرچ اینڈ ایڈوائزری کونسل، کراچی کے تمام سیکٹروں ویونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان، سندھ کے تمام زونوں، سیکٹروں اور یونٹوں کے عہدیداران، کارکنوں، پنجاب، سرحد، بلوچستان اور آزاد کشمیر کے عہدیداروں اور کارکنوں، خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر شیخ لیاقت حسین، خورشید بیگم میموریل اسپتال پاک کالونی کے انچارج عبدالقادر لاکھانی اور کے کے ایف کے دیگر اراکین کو دل کی گہرائی سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ تحریکی ساتھیوں نے اپنے عمل وکردار سے ریکارڈ تعداد میں قربانی کے جانوروں کی کھالیں جمع کرکے تحریک کی فلاحی سرگرمیوں کو مزید توانائی فراہم کی ہے جو اس بات کا اشارہ ہے کہ انشاءاللہ 8، جنوری کو ہونے والے عام انتخابات کے نتائج میں بھی متحدہ قومی موومنٹ اپنی کامیابی کے سابقہ ریکارڈ توڑ دے گی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں جانتا ہوں کہ مسلسل تین روز تک دن رات کام کرنے سے تحریکی ساتھی تھکن سے چور ہیں لیکن تمام تحریکی ساتھیوں کو چاہئے کہ وہ اپنی قوت ارادی کو جمع کرلیں تاکہ کل سے شروع ہونے والی ایم کیوایم کی انتخابی مہم کا بھرپور توانائی سے آغاز کرسکیں۔جناب الطاف حسین نے سندھ کے مختلف شہروں میں قربانی کے جانوروں کی آلائشیں ٹھکانے لگانے اور شہروں میں صحت وصفائی کے مؤثر انتظامات کرنے پر سٹی ناظم کراچی، نائب سٹی ناظمہ محترمہ نسرین جلیل، حق پرست ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، تعلقہ ناظمن، نائب تعلقہ ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، کونسلرز اور بلدیاتی اداروں کے افسران اور عملے کے اراکین کو بھی زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## عیدالاضحیٰ کے موقع پر کراچی میں صفائی ستھرائی کے بہترین اور مثالی انتظامات کرنے پر سٹی ناظم مصطفےٰ کمال، تمام حق پرست ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلروں اور سٹی گورنمنٹ کے تمام افسران اور عملے کو الطاف حسین کا زبردست خراج تحسین

لندن۔۔۔23دسمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر کراچی میں صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات کرنے پر سٹی ناظم کراچی سید مصطفےٰ کمال، سٹی نائب ناظمہ نسرین جلیل، تمام حق پرست ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، کونسلروں اور سٹی گورنمنٹ کے تمام افسران اور عملے کو شاباش اور زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے اور کہا ہے کہ صفائی ستھرائی کے انتظامات دوسری تمام شہری حکومتوں کیلئے ایک مثال ہیں۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ماضی میں ہر سال عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کے جانوروں کی آلائشیں ہفتوں تک شہر کی سڑکوں اور کچرے خانوں میں پڑی رہتی تھیں جو گندگی اور جراثیم کے پھیلنے کا سبب بنتی تھیں لیکن سٹی گورنمنٹ میں حق پرست قیادت کے آنے کے بعد سے صفائی ستھرائی پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے اور گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی سٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر آلائشیں اٹھانے کے اس قدر خصوصی اور بہترین انتظامات کئے تھے جسکے نتیجے میں شہر میں کہیں بھی آلائشوں کے ڈھیر نہیں لگے اور خود شہریوں کا کہنا ہے کہ صفائی ستھرائی سے ایسا لگتا ہے کہ شہر میں کہیں قربانی ہی نہیں ہوئی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر شہر میں لاکھوں جانوروں کی قربانی کی جاتی ہے

قربانی کے بعدان لاکھوں جانوروں کی آلائشیں جوشہر کی گلیوں اور سڑکوں پر بکھری ہوئی ہوتی ہیں انہیں وہاں سے اٹھا کر ٹھکانے لگانا بہت مشکل کام ہے لیکن سٹی حکومت نے ایک منظّم طریقے سے تمام آلائشیں اسی دن اٹھا کر ٹھکانے لگادیں اور شہر کو صاف ستھرا رکھا۔انہوں نے کہا کہ سٹی ناظم سمیت ٹاؤن ناظمین،ٹاؤن نائب ناظمین، یوسی ناظمین اور یوسی نائب ناظمین نے دن رات جاگ کر اور علاقوں کے دورے کر کے نہ صرف اس مہم کی نگرانی کی جس پر میں ان سب کو خراج تحسین اور شاباش پیش کرتا ہوں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر کراچی میں صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات کرنے اوران انتظامات کی رات دن مسلسل نگرانی کرنے پر سٹی ناظم کراچی سید مصطفےٰ کمال کو خصوصی شاباش پیش کی۔انہوں نے صفائی ستھرائی پر سٹی نائب ناظمہ نسرین جلیل، تمام حق پرست ٹاؤن ناظمین، ٹاؤن نائب ناظمین، یوسی ناظمین، یوسی نائب ناظمین ،کونسلروں اور سٹی گورنمنٹ کے تمام افسران اور عملے کو بھی بردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔

## نجی ٹی وی’’ بزنس پلس‘‘ کل بروز پیر شام 7 بجکر 15 منٹ پر ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا خصوصی انٹرویو نشر کرے گا

کراچی۔۔۔23دسمبر2007ء۔۔۔نجی ٹی وی’’ بزنس پلس‘‘ کل بروز پیرایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا خصوصی انٹرویو نشر کرے گا۔ جناب الطاف حسین کا یہ خصوصی انٹرویو بزنس پلس کی اینکر محترمہ جیسمین منظور نے ٹیلیفون پر لیا ہے اور یہ انٹرویو بزنس پلس کے خصوصی پروگرام The Pulse with Jasmeene میں پیر کو شام 7 بجکر 15 منٹ پر نشر کیا جائے گا۔ جناب الطاف حسین کا یہ انٹرویو پیر کو رات 10 بج کر 15 منٹ پر دوبارہ نشر کیا جائے گا۔اپنے اس انٹرویو میں جناب الطاف حسین نے ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال،آئندہ انتخابات،انتخابات کے بعد حکومت کی تشکیل کے سلسلے میں اتحاد،اپنی وطن واپسی اور دیگر امور کے بارے میں مختلف سوالات کے جوابات دیئے ہیں

## عیدالاضحیٰ کے دوسرے اور تیسرے روز بھی کراچی سمیت ملک کے مختلف شہروں میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کو بڑی تعداد میں قربانی کی کھالیں حاصل ہوئیں

کراچی۔۔۔23دسمبر2007ء۔۔۔عیدالاضحیٰ کے دوسرے اور تیسرے روز بھی کراچی سمیت ملک کے مختلف شہروں میں عوام کی جانب سے متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو چرم قربانی عطیہ کرنے کا سلسلہ جاری رہا اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کو ہزاروں کی تعداد میں قربانی کی کھالیں حاصل ہوئیں۔کھالوں حصول کے سلسلے میں فاؤنڈیشن نے کراچی سمیت ملک بھر میں مختلف مقامات پر سینکڑوں پوائنٹس قائم کیے تھے جہاں عوام نے از خود قربانی کی کھالیں پہنچا ئیں جبکہ کراچی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع ایس ٹی 14 فیڈرل بی ایریا نزد تعلیمی باغ میں ایک مرکزی کیمپ بھی قائم کیا گیا تھا جس کی نگرانی فاؤنڈیشن کے صدر شیخ لیاقت حسین،رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار،رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب سمیت دیگر ارکان رابطہ کمیٹی کر رہے ہیں جبکہ کراچی تنظیمی کمیٹی اور لیبر ڈویژن سمیت ایم کیوایم مختلف ونگز وشعبہ جات کے ذمہ داران وکارکنان اور فاؤنڈیشن کے رضا کاروں نے بھی فرائض انجام دیے۔دریں اثناء اتوار کے روز سید شعیب احمد بخاری،عادل صدیقی،وسیم آفتاب اور شاہد لطیف نے کیمپ دورہ کیا اور اپنی نگرانی میں چرم قربانی کے کاموں جائزہ لیا اور کارکنوں کی حوصلہ افزائی کی۔اسی طرح حیدرآباد سمیت اندرون سندھ قائم خدمت خلق فاؤنڈیشن کے دفاتر کے علاوہ پنجاب،سرحد،بلوچستان میں بھی چرم قربانی جمع کی گئیں۔ادھر آزاد کشمیر کے شہر میر پور میں متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے 2 گائیں اور 9 بکروں کی قربانی کی گئی اس موقع پر آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں حق پرست پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر اور ایم کیوایم کے دیگر کارکنان بھی موجود تھے۔

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر ایم کیوایم لیاری سیکٹر یونٹ 29 کے جوائنٹ انچارج محمد سلیم انصاری کمیٹی رکن عابد عباسی اور چار کارکنان غیر معینہ مدت کیلئے معطل

کراچی۔۔۔23دسمبر2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر ایم کیوایم لیاری سیکٹر یونٹ 29 کے جوائنٹ یونٹ انچارج محمد سلیم انصاری ولد عبدالرشید انصاری ، یونٹ کمیٹی کے رکن عابد عباسی ولد محمد دین اور یونٹ کے کارکنان جاوید عباسی ولد دین محمد،عامر عباسی ولد دین محمد ، محمد ایاز ولد محمد اعجاز

اورزاہد(اجآ)ولدصابرعلی کوفوری طور پر تنظیم کی بنیادی رکنیت سے غیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کوہدایت ہے کہ وہ تنظیمی نظم وضبط پرسختی سے عمل کرتے ہوئے دوران معطلی مذکورہ افراد سے کسی بھی قسم کا ہرگز کوئی رابطہ نہ رکھیں۔

## ایم کیوایم کے کارکنان شاہجہان خشک اورمحمد یوسف خانزادہ کے انتقال پرالطاف حسین اوررابطہ کمیٹی کا اظہارافسوس

لندن ۔۔۔23دسمبر2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ٹھٹھہ زون مکلی یونٹ کے کارکن شاہجہان خشک اورایم کیوایم ٹنڈوالہیارزون کے یونٹB-16 کے کارکن محمد یوسف خانزادہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہارکیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے انہیں صبرکی تلقین کی ہے اورکہا ہے کہ مجھ سمیت ایم کیوایم تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں اوردکھ اورافسوس کی اس گھڑی میں آپکے ساتھ ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شاہجہان خشک اورمحمد یوسف خانزادہ کو جنت الفردوس میں جگہ عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل کی توفیق دے۔دریں اثناءایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اوراندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان نے بھی ایم کیوایم ٹھٹھہ زون مکلی یونٹ کے کارکن شاہجہان خشک اورٹنڈووالہیارزون کے کارکن محمد یوسف خانزادہ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہارکرتے ہوئے مرحومین کیلئے دعائے مغفرت اورسوگواران کے صبروجمیل کیلئے دعا کی۔

## روزنامہ امن کے سینئرصحافی رضوان نورکے والدمحمدنورکے انتقال پرالطاف حسین کا اظہارافسوس

لندن ۔۔۔23دسمبر2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے روزنامہ امن کے ایڈمن انچارج اورسینئرصحافی رضوان نورکے والدمحمدنورکے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہارکیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے رضوان نورسمیت مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے انہیں صبرکی تلقین کی اورکہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کا ہرایک کارکن آپکے غم میں شریک ہے اوردکھ کی گھڑی میں آپکے ساتھ ہے۔جناب الطاف حسین نے دعا کی اللہ تعالیٰ محمدنورکوجنت الفردوس میں جگہ عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل کی توفیق دے۔دریں اثناءایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی،ماس کمیونی کیشن اینڈ میڈیا مینجمنٹ ونگ،میڈیا کمیٹی اورشعبہ اطلاعات کے ارکان نے بھی رضوان نورسے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہارکیا ہے

☆☆☆☆☆